اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

نکات برائے ذوالحِجَّۃِ الحرام سے متعلق نگران عالمی مجلسِ مشاورت کے کام

﴿1﴾ **کارکردگی سے متعلق**: نگران عالمی مجلسِ مشاورت اس بات کو یقینی بنائیں کہ کارکردگی فارمز جمع کروانے کی تاریخوں سے کم از کم 26 دن قبل اپنی ماتحت ذمہ داران کو کارکردگی جمع کروانے کی یاددہانی ہر ہفتے کروائی جائے۔(نگران عالمی مجلسِ مشاورت کی طرف سے جو msg ماتحت ذمہ داران کو کیا جاتا ہے ماتحت ذمہ داران اس کی مدد سے حسبِ ضرورت تاریخ وغیرہ بدل کر اپنی ماتحت ذمہ داران کو forword کرتی رہیں اس طرح کارکردگی وغیرہ وقت پر حاصل کرنے میں آسانی رہتی ہے)

☆ ریجن نگران کی کھالوں کی کارکردگی اپنے پاس فائل میں save کرلیں کیونکہ آئندہ سال کام کرتے وقت اس سے مدد ملتی ہے۔

﴿2﴾ عالمی سطح کی کھالوں کی جب کارکردگی تیار ہو جائے تو اس کو 4shared میں اس شعبے کے مدنی پھولوں کے فولڈر میں ایک فائل بنا کر پُر شدہ کارکردگی فارمز اس میں save کر لیے جائیں اور اس کے پرنٹ آؤٹ کر کے فائل میں بھی بطورِ ریکارڈ رکھے جائیں تاکہ اس کی مدد سے آئندہ دینی کام بڑھانے میں آسانی رہے۔

﴿3﴾ ذمہ داران کو کھالوں کا ہدف پورا کرنے کے لیے اِن سے وقتاً فوقتاً ملاقات کی جائے اور امیر اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ العَالِیَہ نے جو دُعا دی ہے وہ بھی بطورِ ترغیب بتائی جائے۔

﴿4﴾ **کھالیں وُصول کرنے کے سلسلے میں جو معروضات** ہیں وہ نگرانِ شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) کو میل کروائے جائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿5﴾ **ایصالِ ثواب سے متعلق**: پھوپھی ماں / مرحوم رکنِ شوریٰ حاجی زم زم عطاری رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اور ابو عطار رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے یوم کے موقع پر مدرسۃ المدینہ (گرلز) ذمہ دار (عالمی سطح) کے ذریعے ایصالِ ثواب کروا کر ان کے یوم سے چند دن قبل شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) کو میل کروانا۔

﴿بچیوں کی اجازت سے اُن کے پڑھے ہوئے اوراد و وظائف جمع کر کے مختلف مواقع میں ایصالِ ثواب کرنے کی اجازت ہے۔(دارالافتاء اہلسنت)﴾

﴿6﴾ 10 ذوالحجۃ الحرام (عید الاضحیٰ) کے موقع پر ماتحت ذمہ دارن کو بذریعہ SMS مبارک باد پیش کرنا۔

﴿7﴾ نگران عالمی مجلسِ مشاورت ذوالحجۃ الحرام کی 1 تاریخ سے 10 ذوالحجۃ الحرام تک مدنی مذاکرے دیکھنے کی بھرپور ترغیب دلائیں تاکہ ذیلی سطح تک اس کو سننے کا ذہن بنے۔

﴿8﴾ امیر اہلسنّت کی طرف سے جو مدنی گائے کا گوشت آئے تو اُسے عالمی مجلسِ مشاورت کی اسلامی بہنوں میں تقسیم کیا جائے یا بعدِ عید کھلایا جائے۔

﴿9﴾ عالمی مجلسِ مشاورت اور اراکین شعبہ بین الاقوامی امور کو بھی کوذاتی کھالوں کا ہدف دیں کوشش ہو کہ ہر سطح تک اس کا نفاذ ہو اور اس کے تنظیمی فوائد حاصل ہوں۔